© rasailojaraid.com




الله تعالیٰ ہر دور میں کچھ ایسی نشانیاں اپنے بندوں کے لیے ظاہر فرماتا ہے کہ جو کئی لوگوں کے لیے عبرت اور کچھ کے لیے مہمیز کا کام دیتی ہیں کہ وہ لوگ جن کے ایمان و عمل میں کمزوری واقع ہو چکی ہوتی ہے وہ نصیحت حاصل کرتے ہوئے نئے جذبے اور ولولے سے اپنے ایمان و عقیدے کا نا صرف کہ اظہار کرتے ہیں بلکہ اس کے مطابق عمل پیرا بھی ہوتے ہیں۔ اس وقت روئے زمین پر شاید اسرائیل جیسا اسلام اور امت مسلمہ کا دشمن کوئی دوسرا ملک نہیں کہ جس سے امت مسلمہ پریشان ہو اور اس کے ناپاک عزائم سے خوفزدہ اسرائیل کے انہی ناپاک ارادوں میں سے ایک عمل ہے اس کا گذشتہ دنوں اپنی پارلیمنٹ میں ایک بل پیش کیا کہ مسلمان اپنی مساجد میں لاؤڈ سپیکر پر ''اذان'' نہیں کہہ سکتے۔ (کیونکہ ''اذان'' ایک مکمل دعوت ہے جو عقیدہ توحید کے اظہار اور رسالت محمدیہ کے اقرار کا ایک بہت بڑا ذریعہ ہے عالم کفر خصوصاً یہودیوں کو یہ کیونکر برداشت ہوسکتا ہے کہ مسلمان برملا اپنے عقیدے کا اظہار کریں) چنانچہ اسرائیلی پارلیمنٹ میں اس بل پر بحث شروع ہوئی تو ایک مسلمان رکن اسمبلی احمد التیبی نے اس بل کی بھرپور مخالفت اور مذمت کی اسی دوران ایک دوسرے رکن پارلیمنٹ طالب ابوعرار نے کھڑے ہو کر ''اذان'' کہنا شروع کر دی اور اس نے یہودیوں کے شور شرابے اور مخالفت کے باوجود اسرائیلی پارلیمنٹ میں مکمل ''اذان'' سنا کر جہاں عالم کفر کو یہ پیغام دیا ہے کہ بھلے سے تم ایڑی چوٹی کا زور لگا کر اسلام کی آواز اور اس کی اشاعت کو روکنے کی مذموم کوشش کرو لیکن یہ اسلام پھیلنے سے رکنے والا نہیں کیونکہ الله تعالیٰ نے اسلام کو دنیا میں غالب آنے کے لیے بھیجا ہے اگر تم کچھ ایسے لوگ اور حکمران خرید بھی لو جو اسلام کے احکامات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے تمہاری ہاں میں ہاں ملانے والے ہوں تو تب بھی الله تعالیٰ تمہارے اندر سے تمہاری ناک کے نیچے ایسے مرد جلیل پیدا کر دیگا جو الله تعالیٰ کے دین کی خدمت اور دفاع میں دنیاوی سود و زیاں کی پرواہ کیے بغیر اپنے رب تعالیٰ کو راضی کرنے اور اپنی آخرت کو سنوارنے کی کوشش میں لگے رہیں گے تمہارا ظلم و ستم، قتل و غارت، مصائب و مشکلات اور مال و



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



دولت کی چکا چوند انہیں کلمہ حق کہنے سے باز نہیں رکھ سکتی۔اس کے ساتھ ہی انہوں نے ان پسے ہوئے اور محکوم طبقوں کو یہ پیغام بھی دیا ہے کہ اگر نیت میں خلوص ہو اور دل میں ایمان تو پھر دنیا کی ان عارضی اور مصنوعی طاقتوں سے ڈرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ ''جو اللہ تعالیٰ کا ہو جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کا ہو جاتا ہے'' اور پھر یہ بھی اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے۔ کان حقا علینا نصر المومنین کہ ایمان والوں کو مدد کرنا ہمارا حق ہے اس لیے اٹھیے دنیا کے جاہ وجلال اور اس کے مفادات و مراعات کو اپنی آخرت سنوارنے کے لیے تج کر دیں کیونکہ دنیا تو بالآخر ختم ہونے والی ہے لیکن آخرت ہمیشہ رہے گی پھر دیکھیں اللہ تعالیٰ کیسے تمہاری مدد کرتا ہے۔یوں تو تاریخ ایسی مثالوں اور واقعات سے بھری پڑی ہے کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کی مدد کی اور کائنات عالم کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا لیکن یہاں میں ''اذان'' کے حوالے سے ہی ایک واقعہ پر اکتفا کروں گا آزادی ملک سے قبل جب قیام پاکستان کے لیے تحریک چل رہی تھی تو مسلمان اپنے جان' مال اور وقت کی قربانی دیتے ہوئے قید و بند کی صعوبتیں بھی برداشت کر رہے تھے۔اسی اثناء میں سرخیل اہل حدیث اور مشہور و معروف اہل حدیث مناظرہ روپڑی خاندان کے چشم و چراغ حافظ عبدالقادر روپڑی رحمۃ اللہ علیہ بھی اپنے احباب و رفقاء کے ہمراہ جیل میں بند کر دیئے گئے۔تو انہوں نے جیل کی چار دیواری میں باجماعت نماز کا اہتمام کیا اور ہر نماز کے وقت ''اذان'' کہتے اور باجماعت نماز ادا کرتے تو اس وقت کے جیل افسر نے حضرت حافظ عبدالقادر روپڑی رحمۃ اللہ علیہ کو مزید سزا دینے اور پریشان کرنے کے لیے''اذان'' کو بنیاد بنا کر انہیں الگ الگ کوٹھریوں میں بند کر دیا کہ اب نا یہ اکٹھے ہونگے نا باجماعت نماز پڑھنے کے لیے''اذان'' کہیں گے لیکن اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان معلوم نہیں ہوگا۔ اتقوا فراسة المومن کہ مومن کی فہم و فراست سے بچو۔تو حضرت روپڑی رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ تعالیٰ کی توفیق سے اس جدائی کا ایک حل نکالا کہ تمام ساتھیوں کو سمجھا دیا کہ جب نماز کا وقت ہو تو ہر ساتھی اپنی اپنی بیرک میں ''اذان'' کہے لیکن اس کا طریقہ یہ ہو کہ ایک آدمی ''اذان'' شروع کرے تو دوسرا اس وقت تک ''اذان'' نہ کہے جب تک پہلی ''اذان'' مکمل نہ ہو جائے اس طرح جب ایک کے بعد دوسری اور دوسری کے بعد تیسری ''اذان'' حتی کہ ''اذان'' پر ''اذان'' گونجنے لگی تو غیر مسلم جیل حکام' ملازمین اور قیدی اپنے افسر اعلیٰ سے کہنے لگے ہم تو بانگے گئے۔لہٰذا ان مسلمانوں کی اذانیں بند کرواؤ۔تو اس سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جیل وارڈن (کالیا) پریشان ہو گیا روپڑی صاحب اور ان کے رفقاء کو دوبارہ اکٹھا کرنے پر مجبور ہو گیا۔ کہ چلو کم از کم ایک اذان ہی سننا پڑے گی زیادہ "اذانیں" تو نہ دیں گے۔ یہ ایک حکمت عملی بھی تھی اور یوں کہہ لیں کہ "اذان" کی برکت بھی کہ اللہ تعالیٰ نے اس کی برکت سے تمام رفقاء کو جیل میں اکٹھے رہنے کا موقعہ فراہم کر دیا اسی طرح کی حکمت عملی مجھے نت کلاں نزد گکھڑ منڈی ضلع گوجرانوالہ میں دیکھنے کا موقعہ ملا۔ یہ 94-1993 کی بات ہے اس وقت اس گاؤں میں اہل حدیث کی تین مساجد تھیں وہاں مرکزی مسجد کے خطیب قاری لیاقت علی صاحب نے یہ طریقہ اختیار کیا کہ ہر مسجد میں نماز کا فرق پانچ منٹ کا رکھا تا کہ ہر اہل حدیث مسجد میں پانچ منٹ بعد اذان ہو اس طرح گاؤں میں پندرہ منٹ تک اہل حدیث کی مساجد سے "اذان" کی آواز گونجتی رہتی تھی اس کے فوائد وہی شخص جان سکتا ہے جو تھوڑی بہت تنظیمی زندگی کی سوجھ بوجھ رکھتا ہے اے کاش! آج بھی ہم اپنی اپنی ذاتی انا اور مفادات کے خول سے نکل کر اپنی جماعتی و تنظیمی قوت کو مجتمع کر کے اہل حدیث مسلک و جماعت کی عزت و وقار اور شان و شوکت کے لیے استعمال کریں تو ان شاء اللہ العزیز ہماری دنیا کے ساتھ ساتھ آخرت بھی سدھر سکتی ہے۔

مگر...... بہر حال اسرائیلی پارلیمنٹ میں پیش آنے والے اس واقعہ میں ان لوگوں کے لیے بہت بڑی عبرت موجود ہے جو اپنے آزاد ملک، اسمبلی، شہر یا ادارے میں بھی ذاتی مفادات کی خاطر حق بات کہنے اور سننے کو تیار نہیں بلکہ ہم ایسے ایسے قوانین بنا لیتے ہیں کہ جو سراسر اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت والے ہوتے ہیں اور تو اور ہمارے وطن عزیز پاکستان کی اسمبلیوں میں سود جیسے جرم کے حق اور تعلیمی اداروں میں قرآن مجید کی تعلیم کے خلاف قرار دادیں منظور کی جاتی ہیں بلکہ پاکستان کی قومی اسمبلی میں ایک ایسا وقت بھی آیا جب دوران اجلاس نماز کا وقفہ ختم کر دیا گیا اور ایسے لوگوں نے بھی اس کو ٹھنڈے پیٹوں (خالی پیٹوں نہیں) نہ صرف کہ قبول کر لیا بلکہ اس کی تاویلیں بھی کرنے لگے۔ جنہوں نے کتاب کے نشان کو اللہ تعالیٰ کی کتاب کا نام دیکر قوم سے ووٹ لیے تھے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ آج اسرائیل کی اس جارحیت اور اسلام دشمنی کی مذمت کرنے کی بھی کسی کو توفیق نہیں ہوئی۔ شاید وزراء اور بالا دست طبقے کو اپنے لیڈر اور اس کے خاندان کی کرپشن کو تحفظ دینے اور اپنے آقاؤں کو "پوتر" ثابت کرنے سے ہی فرصت نہیں۔ اور پھر طرفہ تماشہ یہ بھی دیکھیے کہ "ڈوبتے کو تنکے کا سہارا" کے مصداق ایک جرم کو چھپانے کے لیے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ایک دوسرے جرم کا اقرار کیا جا رہا ہے کہ یہ تو ہمیں قطری شہزادے نے تحفہ دیا تھا اس رقم سے ہم نے یہ فلیٹس اور جائیدادیں خریدی ہیں کیا یہ لوگ نہیں جانتے کہ یہ تحفہ ان کو پاکستان کے حکمران ہونے کے ناطے ملا تھا۔ یا کہ ذاتی حیثیت سے۔ باہر سے آنے والے مہمانوں پر خرچ تو قوم کا سرمایہ ہوا۔ انہیں ٹھہرانے کے لیے قوم کے خون پسینے کی کمائی سے بنے ہوئے محلات، دفاتر اور مہمان خانوں میں ٹھہرایا جائے یا قومی خزانے سے ہوٹلوں کا کرایہ دیا جائے لیکن تعلقات ذاتی بنائے جائیں اور مفادات خاندانی اٹھائے جائیں۔ ان لوگوں کے استقبال کے لیے تو قوم کے بچے اور فرزندوں کو کام میں لایا جائے۔ ان کی حفاظت کے لیے ریاست کے ملازم ڈیوٹی سرانجام دیں اور ان کی آمد پر اٹھنے والے تمام اخراجات ''سرکاری'' کھاتے میں ڈال دیئے جائیں مگر فوائد صرف ''شہزادے'' اٹھائیں۔ تلک اذاً قسمة ضیزیٰ ۔ کیا ان لوگوں کو معلوم نہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص پر کہ جس نے سرکاری امور کی انجام دہی میں اپنے بعض ذاتی تحائف کا ذکر کیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا تھا ''اگر تو اپنی ماں کے پاس بیٹھا رہتا تو کیا پھر بھی تجھے یہ سب تحائف ملتے'' اس لیے یہ تیرے نہیں بلکہ بیت المال کے ہیں مگر آج ہم یہ سب کچھ پڑھنے اور سننے کے باوجود صرف دنیا کے لالچ اور ذاتی تعلقات بنانے کی فکر میں ''صم ، بکم ، عمی'' کا عملی مظاہرہ کر رہے ہیں اور کیا وہ تمام علماء کرام جو ''سرکار'' کے قریب ہیں اور سمجھے جاتے ہیں وہ ان امور اور معاملات کی نشاندہی نہ کر کے نا صرف یہ کہ نہی عن المنکر کے فریضے کو ادا نہ کرنے کا جرم کر رہے ہیں بلکہ وہ خود بھی اس جرم میں شریک ہو رہے ہیں کیونکہ مجرم کی حمایت اور تائید بھی جرم میں معاونت اور شراکت کے برابر ہی ہے۔ یہ معاملہ چونکہ عدالت میں زیر سماعت ہے اس لیے اس پر تبصرہ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ہمارے عدالتی نظام میں اس کو توہین عدالت سمجھا جاتا ہے جو کہ ایک جرم ہے البتہ وکلاء کی بحث اور جج حضرات کے ریمارکس سے ساری قوم یہ جان چکی ہے کہ اس جرم پر پردہ ڈالنے اور کیس کو منوں مٹی تلے دفن کرنے کے لیے وکلاء سے زیادہ جج محنت کر رہے ہیں۔ اللہ خیر کرے۔

لیکن ایک بات تو سمجھ آ گئی کہ اگر کسی کرپٹ شخص نے اپنے کرپشن کے سرمائے کو محفوظ بنانے کے لیے جائیدادیں خریدی ہیں (جو کہ اکثر لوگوں کا وطیرہ دیکھنے میں آتا ہے کہ کرپٹ لوگ کرپشن کے مال سے بلڈنگیں، پلاٹ وغیرہ ہی خریدتے ہیں کہ ہمارے مرنے کے بعد ہماری آل



© rasailojaraid.com


© rasailojaraid.com



اولاد کو خود ہی منتقل ہو جائیں گے اور یہ ان کے لیے سفید دھن ہوگا۔) تو یہ ان کی خام خیالی ہے دنیا میں اگر انہیں اتنی پریشانی ہے تو قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ اس سے پوچھیں گے کہ جو مال تیرے پاس آیا تھا اس کے ذرائع آمدن کیا تھے حلال یا حرام؟ تو پھر کیا جواب ہوگا؟۔ یاد رکھیے وہاں کوئی شہزادہ آپ کو بچانے کے لیے خط نہیں لکھ سکے گا۔ اور نہ ہی کوئی آپ کا کرپٹ ساتھی یا آج آپ کی کرپشن پر آنکھیں بند کرنے والا کوئی معاصر یا ماتحت آپ کے بچاؤ کے لیے کوئی اقدام کر سکے گا۔ لہٰذا ہر شخص کو دنیا سے زیادہ اپنی آخرت کی فکر کرنی چاہیے اور وہاں جواب دہی کے لیے تیار ہونا اور رہنا چاہیے ورنہ یاد رکھیں آپ کے حرام مال سے عیش اور موج تو آپ کے ورثا اور اولاد کریں گی لیکن اسے بھگتنا آپ کو ہی ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو حلال کمانے اور حرام سے بچنے کی توفیق فرمائے۔ (آمین)

**اللهم اكفنا بحلالك عن حرامك واغننا بفضلك عمن سواك**


اذان کی گونج، صیہونی لرز کر رہ گئے

روزنامہ دنیا فیصل آباد - جمعۃ المبارک - 18 نومبر 2016ء



© rasailojaraid.com